20160 ـ مسجد کی صفائی کرنا

سوال

گزارش ہے کہ مسجد کی صفائی اور اس کی اشیاء ترتیب دینے والے شخص کے اجروثواب کے متعلق بتائیں، اسے کیا اجروثواب حاصل ہوتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

مسجد کی صفائی کے متعلق کوئی خصوصی فضیلت وارد نہیں، صرف اتنا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد کو صاف ستھرا رکھنے اور اس میں خوشبو لگانے کا حکم دیا ہے.

سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں:

" رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اپنے گھروں میں مساجد بنانے اور انہیں صاف ستھرا رکھنے کا حکم دیا "

مسند احمد حدیث نمبر (19671) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح الترغیب والترھیب حدیث نمبر (278) میں اسے صحیح کہا ہے.

اور عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا بیان کرتی ہیں:

" رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلوں میں مسجد بنانے اور اسے صاف ستھر رکھنے اور اس میں خوشبو لگانے کا حکم دیا "

جامع ترمذی حدیث نمبر (594) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح الترغیب و الترھیب حدیث نمبر (279) میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

یہ دونوں احادیث نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم پر مشتمل ہیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی پیروی اور اس پر عمل کرنے والے شخص کو اجروثواب حاصل ہوتا ہے.

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں:

" ايك سياہ مرد يا عورت مسجد كى صفائى كيا كرتى تھى چنانچہ وہ فوت ہو گئى تو رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم نے اس كے متعلق دريافت كيا صحابہ كرام نے عرض كيا وہ تو فوت ہو گيا ہے، رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم نے فرمايا:

" مجھے كيوں نہيں بتايا ؟ مجھے اس كى قبر كا بتاؤ يا فرمايا: اس عورت كى قبر كا بتاؤ، چنانچہ رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم اس كى قبر پر آئے اور نماز ادا كى "

صحيح بخارى حديث نمبر (458) صحيح مسلم حديث نمبر (956).

ابن حجر رحمہ اللہ تعالى فتح البارى ميں كہتے ہيں:

" حديث ميں مسجد كى صفائى كرنے كى فضيلت، اور مسجد كا خادم يا دوست غائب ہو تو اس كے متعلق دريافت كرنے كى دليل پائى جاتى ہے " انتہى

پھر مسلمان شخص كے ليے تو كسى اطاعت و فرمانبردارى كا عمل كرنے كے ليے اتنا ہى كافى ہے كہ وہ اللہ تعالى اور اس كے رسول صلى اللہ عليہ وسلم كا حكم ہے، اور يہى چيز اس كے كامل اسلام كى نشانى ہے، ليكن اطمنان قلب كے ليے اس كا اجروثواب دريافت كرنے ميں كوئى حرج نہيں.

تنبيہ:

مسجد كى صفائى كے متعلق ايك ضعيف حديث وارد ہے، وہ درج ذيل ہے:

" مساجد كى صفائى كرنا حور عين كا مہر ہے "

ديكھيں: السلسلۃ الضعيفہ حديث نمبر (4147).

چنانچہ مندرجہ بالا صحيح احاديث پر اكتفا كرنا كافى ہے.

واللہ اعلم .